علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

عنوان: اسلام کا قانون وراثت وصیت (4592) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: ایم اے (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ نمبر 1-4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ خاندانی قوانین اور وراثت کے بنیادی تصورات معاشرتی ڈھانچے کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان تصورات کی وضاحت کرتے ہوئے واضح کریں کہ یہ اصول روزمرہ زندگی میں کیسے لاگو ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلامی قانونِ وراثت کی اہمیت اور اس کی ضرورت کو تاریخی اور سماجی تناظر میں بیان کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ غیر اسلامی قوانین سے اس کا امتیاز کیسے ظاہر ہوتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ وراثت کے بنیادی ارکان، اسباب اور شرائط کو واضح کرتے ہوئے ان کی عملی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ نیز، ان عناصر کے درمیان تعلق کی وضاحت کریں؟ (20)

سوال نمبر 4۔ ذوی الفروض کی تعریف کرتے ہوئے ان کے حصوں کی تفصیل بیان کریں اور وضاحت کریں کہ مختلف حالات میں ان کے حصص کیسے متعین ہوتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5۔ عصبات اور ذوی الارحام کے تصورات کو بیان کریں اور ان کے درمیان فرق کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2
(یونٹ نمبر 5-9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ الحجب، العول اور الرد جیسے اصول وراثت کے پیچیدہ مسائل کے حل میں مدد دیتے ہیں۔ ان اصولوں کی تشریح کرتے ہوئے ان کے اطلاق کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ مشرقی روایات میں وراثت کے مسائل اکثر خاندانی تنازعات کا سبب بنتے ہیں۔ ان مسائل کی نوعیت اور ان کے حل کے ممکنہ طریقوں کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلامی قانونِ وراثت کی جامعیت کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ نظام معاشرتی انصاف کو کیسے یقینی بناتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ وصیت کے اصولوں کو بیان کرتے ہوئے اس کی حدود اور شرائط کی وضاحت کریں۔ مزید یہ کہ وصیت اور وراثت کے باہمی تعلق کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ وراثت کے عملی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے حل کے لیے فقہی اصولوں کی اہمیت پر بحث کریں۔ (20)